[Published in the Gazette of Pakistan, Extraordinary, Part-1, dated the 12th January, 2026]

# ORDINANCE NO. II OF 2026

AN

ORDINANCE

*further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015*

WHEREAS it is expedient further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015), for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS, the Senate and the National Assembly are not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of power conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, 1973; the President of Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance:-

1. **Short title and commencement.**—(1) This Ordinance may be called the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Ordinance, 2026.

(2) It shall come into force at once.

2. **General amendments, Act X of 2015.**—In the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015), hereinafter referred to as the said Act, for words "Metropolitan Corporation", wherever occurring the words "Town Corporation" or "Town Corporations" shall be substituted respectively.

3. **Amendment of section 2, Act X of 2015.**—In the said Act, in section 2,—

(a) after clause (t), the following new clause (ta) shall be inserted, namely:-

"(ta) **"Head"** means Mayor of a Town Corporation or Chairman of a Union Council;";

(b) for clause (m), the following shall be substituted, namely:-

"(m) **"Deputy Mayor"** means a Deputy Mayor of a Town Corporation elected under section 16;";

(c) for clause (x), the following shall In substituted, namely:-

"(x) **"local government"** means a Union Council or the Town Corporation established under this Act and shall include the administrator appointed by the Government;";

(d) for clause (aa), the following shall be substituted, namely:-

"(aa) **"Mayor"** means the Mayor of the Town Corporation elected as such under section 16;";

(e) clause (cc) shall be omitted; and

(f) after clause (wv) the following new clause shall be inserted, namely:-

"(www) **"Town Corporation"** means the Town Corporations notified as such under section 4;".

4. **Substitution of section 4, Act X of 2015.**—In the said Act, for section 4, the following shall be substituted, namely:-

"4. **Local areas.**—(1) For the purposes of this Act, the Government shall, by notification, specify the Islamabad Capital Territory into three Town Corporations, each Town Corporation shall comprise, as far as practicable, to the territorial limits of a National Assembly constituency within Islamabad Capital Territory.

(2) Each Town Corporation shall comprise such number of Union Councils as may be notified by the Government. The Union Council shall be delimited on the basis of population equality, having regard to the latest official census and administrative convenience.

(3) The Government shall, by notification, specify the limits of each Union Council comprised therein, and shall declare whether any area shall be constituted as, merged into, or cease to be a Union Council accordingly.

(4) The Government may, by notification, after inviting public objections and suggestions in the prescribed manner, alter the limits of—

(a) a Town Corporation; or

(b) a Union Council,

(5) Any two or more adjoining Union Councils within a Town Corporation may, after inviting public objections, by a resolution passed by a two-third majority of the total membership of each concerned Union Council, make a proposal to the Government for alteration of their respective boundaries, subject to the conditions specified in sub-section (4).

(6) The Government may alter the limits of a Town Corporation or Union Council under this section after the initiation

of delimitation proceedings, but shall not alter such limits after the announcement of the election schedule for a local government election in the relevant area.

(7) Notwithstanding anything contained in this Act, the Metropolitan Corporation functioning before the commencement of this Ordinance shall continue to exist and shall exercise and perform all powers, functions and duties under this Act until such time as the Government, by notification in the official Gazette, constitutes and notifies Town Corporations in accordance with section 4(1).".

5. **Substitution of section 6, Act X of 2015.**—In the said Act, for section 6, the following shall be substituted, namely:-

"6. **Local Government and Delimitation.**—(1) There shall be towns corporations and such number of Union Councils as may be specified by the Government under section 4(2).

(2) The Government may, on the recommendation of the Ministry of Interior, by notification in the official Gazette, increase or decrease the number of Union Councils within a Town Corporations, provided that—

(a) the total number of Union Councils within Islamabad Capital Territory remains consistent with the principles of population equality and administrative efficiency; and

(b) no such change shall be made after the announcement of the election schedule for a local government election.

(3) Election Commission, of Pakistan shall delimit and notify the Union Councils in the prescribed manner, on the basis of the principles laid down in section 9 of the Act, as early as possible under the Election Act, 2017 (XXXIII OF 2017).".

6. **Amendment of section 7, Act X of 2015.**—In the said Act, in section 7, sub-sections (2) and (3) shall be omitted.

7. **Amendment of section 9, Act X of 2015.**—In the said Act, in section 9 for sub-sections (1) and (2) the following shall be substituted, namely:-

"(1) Subject to this Act, the local governments constituted within the Islamabad Capital Territory shall be—

(a) three Town Corporations; and

(b) Union Councils comprised within such Town Corporations, as notified by the Government.

(2) The Government may, by notification, declare any area in Islamabad Capital Territory to be a Town Corporation.".

8. **Substitution of section 10, Act X of 2015.**—In the said Act, for section 10, the following shall be substituted, namely:-

"10. **Local governments.**—The Islamabad Capital Territory shall consist of three Town Corporations and such number of Union Councils. as provided in sections 11 and 12, respectively.".

9. **Substitution of section 12, Act X of 2015.**—In the said Act, for section 12, the following shall be substituted, namely:-

"12. **Composition of the Town Corporations.**—A Town Corporation shall consist of:

(i) Mayor and two Deputy Mayors;

(ii) Chairmen of all Union Councils in its local area as general members; and

(iii) four women;

(iv) one peasant/ worker;

(v) one trader/ businessman;

(vi) one youth member; and

(vii) one non-Muslim.

10. **Omission of section 14, Act X of 2015.**—In the said Act, section 14, shall be omitted.

11. **Substitution of section 15, Act X of 2015.**—in the said Act, for section 15, the following shall be substituted, namely:-

"15. **Election, of the members of the Union Councils.**—(1) The election of general members of a Union Council shall be held through secret ballot on the basis of adult franchise, in such manner as may he prescribed.

(2) For the purpose of election of general members of a Union Council, the entire Union Council shall be a multi-member ward.

(3) A voter member shall only cast one vote in- favor of the candidate of general member of his choice.

(4) The nine candidates securing highest number of votes in descending order, shall stand elected as general members:

Provided that in case of equality of votes between two or more contesting candidates, the Returning Officer shall draw a lot in respect of such candidates and the candidate on whom the lot falls shall be deemed to have received the highest number of votes entitling him to be declared elected.

(5) The returned candidates elected under sub-section (4) may join a political party within thirty days of the publication in the official Gazette of the names of the returned candidates.

(6) The members on reserved seats of Union Council shall be elected indirectly, through show of hands, by the general members of the Union Council.

(7) The Chairman and Vice-Chairman of Union Council shall be elected, as joint candidate, by the general members and members on reserved seats of a Union Council, through show of hands, from amongst themselves.

(8) The returned candidates of Chairman, Vice-Chairman and members may join a political party within thirty days of notification of returned candidate.".

12. **Substitution of section 16, Act X of 2015.**—In the said Act, for section 16, the following shall be substituted, namely:-

"16. **Election of the members of the Town Corporation.**—(1) A Chairman of a Union Council shall become a general member of the respective Town Corporation.

(2) The general members shall elect the members on reserved seats as specified in section 12, through show of hands, by majority of the members present, in the prescribed manner.

(3) The members of the Town Corporations as mentioned in section 12 shall elect a Mayor and two Deputy Mayors, as joint candidates, through show of hands, by majority votes of members present through voting in the prescribed manner:

Provided that only a member of the Town Corporation shall be eligible to contest the election for Mayor and Deputy Mayor.".

13. **Amendment of section 29, Act X of 2015.**—In the said Act, in section 29,—

(a) in sub-section (3), the words "which period shall not exceed six month" shall be omitted;

(b) after sub-section (4) the following new sub-section (5) shall be added, namely:-

"(5) Where a local government is not functional, the Government may appoint an Administrator to exercise the powers and perform the functions of the local government until an elected local government assumes office.".

14. **Amendment of section 63, Act X of 2015.**—In the said Act, in section 63, after sub-section (3), the following new sub-section (3A) shall be inserted, namely:-

"(3A) A Deputy Mayor or a Vice-Chairman, as the case may be, shall generally exercise such powers and perform such functions as may be delegated to them by the Head.

15. **Substitution of section 88, Act X of 2015.**—In the said Act, for section 88, the following shall be substituted, namely:-

"88. **Taxes to be levied.**—(1) Subject to this Act, a local government or in its absence an administrator, may, by notification, levy any tax, fee, rate, rent, toll, charge or surcharge specified in Fourth Schedule.

(2) Every tax proposal under sub-section (1) prior to its approval shall be vetted by the Government in order to ensure that the proposal is reasonable and in accordance with law.

(3) The Government shall vet the tax proposal within thirty days from the date of receipt of the proposal failing which it shall be deemed to have been vetted by the Government.

(4) Where a tax proposal is initiated by an Administrator, it shall, after being vetted by the Government, be laid before the National Assembly within fifteen days. The National Assembly may, within sixty days, disapprove the tax proposal, and if the said proposal is not disapproved within the aforesaid period of sixty days, it shall be deemed to have been approved.

(5) A local government or in its absence an administrator, shall not levy a tax without previous publication of the tax proposal and inviting and hearing public objections.

(6) A local government or in its absence an administrator, may, subject to provision of sub-section (1), increase, reduce, suspend, abolish or exempt any tax.".

16. **Substitution of section 93, Act X of 2015.**—In the said Act, for section 93, for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:-

"(1) The Government may issue directions to the local government or to the administrator, as the case may be. The directions of the Government shall be binding on the local government and the administrator.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The brief facts leading to the amendments in Islamabad Capital Territory Local Government Act,2015 through "The Islamabad Local Government (Amendment) Ordinance, 2026" are that The Islamabad Capital Territory Local Government Act was promulgated in 2015 to establish an elected local government system to devolve political, administrative and financial responsibility and authority to the elected representatives of the local governments to promote good governance, effective delivery of services and transparent decision making through institutionalized participation of the people at local level.

2. In order to further devolve political, administrative and financial responsibility and authority to the elected representatives of the local governments, it is imperative that the ICT Local Government Act may be suitably amended to ensure that the effect and benefit of this law reaches the grassroots level.

3. Through subject bill, the amendments in Sections 2,4,6,7,9,10,12,14,15,16,29,63,88 and 93 of the ICT Local Government Act 2015 have been proposed. The proposed amendments will lead to establish **"Three Town Corporations"**, replacing the **"Metropolitan Corporation"**. Further, the amendments in Section 29 of ICT LG Act, 2015, the Government may appoint an administrator to exercise the powers and perform the functions of the local government, if the local government's term expires.

**(Syed Mohsin Raza Naqvi)**
Minister for Interior & Narcotics Control

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی، حصہ اول، مورخہ 12 جنوری، 2026ء میں شائع ہوا]

آرڈیننس نمبر ۲ مجریہ ۲۰۲۶ء

# دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ، بعدازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء (۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ، سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو یہ اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جو فی الفور کارروائی کے متقاضی ہیں۔

لہٰذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، ۱۹۷۳ء کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) میں تفویض کردہ اختیار کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، عمومی ترامیم:۔** دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء (۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) میں، بعدازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، الفاظ ''میٹروپولیٹن کارپوریشن''، جہاں کہیں آ رہے ہوں کو الفاظ ''ٹاؤن کارپوریشن'' یا ''ٹاؤن کارپوریشنز'' سے بالترتیب تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲ میں،۔

(الف) شق (ر) کے بعد حسب ذیل نئی شق (رالف) شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

''(رالف) **''سربراہ''** سے ٹاؤن کارپوریشن کا میئر یا یونین کونسل کا چیئرمین مراد ہے؛''؛

(ب) شق (م) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(م) **''ڈپٹی میئر''** سے ٹاؤن کارپوریشن کا دفعہ ۱۶ کے تحت منتخب کردہ ڈپٹی میئر مراد ہے؛''؛

(ج) شق (دس) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(دس)'' **مقامی حکومت**'' سے اس ایکٹ کے تحت قائم کر دہ یونین کونسل یا ٹاؤن کارپوریشن مراد ہے اور حکومت کی جانب سے تقرر کر دہ ایڈمنسٹریٹر بھی اس میں شامل ہے؛''؛

(د) شق (الف الف) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(الف الف) ''**میئر**'' سے ٹاؤن کارپوریشن کا میئر مراد ہے، جیسا کہ دفعہ ۱۶ کے تحت منتخب کیا گیا ہے؛''؛

(ہ) شق (ج ج) حذف کر دی جائے گی؛ اور

(و) شق (ث ث) کے بعد حسب ذیل شق شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

''(ث ث) ''**ٹاؤن کارپوریشن**'' سے ٹاؤن کارپوریشنز مراد ہے، جیسا کہ دفعہ ۴ کے تحت مشتہر کی گئی ہے؛''۔

**۴۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۴ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴، کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''**مقامی علاقے:۔** (۱) اس ایکٹ کی اغراض کے لیے، حکومت اعلامیہ کے ذریعے، دارالحکومت اسلام آباد کو تین ٹاؤن کارپوریشنز میں صراحت کرے گی، ہر ایک ٹاؤن کارپوریشن جہاں تک قابل عمل ہو، دارالحکومت اسلام آباد کے اندر قومی اسمبلی کے حلقے کی علاقائی حدود تک، پر مشتمل ہوگی۔

(۲) ہر ایک ٹاؤن کارپوریشن ایسی تعداد میں یونین کونسلوں پر مشتمل ہوگی جیسا کہ حکومت مشتہر کر سکتی ہے۔ یونین کونسل کو آبادی کی برابری کی بنیاد پر، تازہ ترین سرکاری مردم شماری اور انتظامی آسانی کو مدنظر رکھتے ہوئے، حد بندی کی جائے گی۔

(۳) حکومت، اعلامیہ کے ذریعے، ہر ایک یونین کونسل کی حدود کی صراحت کرے گی، جس پر کہ وہ مشتمل ہوگی، اور اعلان کرے گی آیا کہ کوئی علاقہ تشکیل دیا گیا ہے جیسے کہ حالات کے مطابق ضم ہو گیا ہے، یا بطور یونین کونسل ختم ہو گیا ہے۔

(۴) حکومت، اعلامیہ کے ذریعے، صراحت کردہ طریقہ کار میں عوامی اعتراضات اور تجاویز طلب کرنے کے بعد، حسب ذیل کی حدود تبدیل کرسکتی ہے۔۔

(الف) ایک ٹاؤن کارپوریشن کی؛ یا

(ب) ایک یونین کونسل کی،

(۵) ٹاؤن کارپوریشن کے اندر کوئی دو یا زائد متصلہ یونین کونسلیں، عوامی اعتراضات طلب کرنے کے بعد، متعلقہ یونین کونسل کی کل رکنیت کی دو تہائی اکثریت کی جانب سے منظور کردہ قرارداد پر، حکومت کو اپنی متعلقہ حد بندیوں میں تبدیلی کی تجویز دے سکتی ہے جو ذیلی دفعہ (۴) میں صراحت کردہ شرائط کے تابع ہوگی۔

(۶) اس دفعہ کے تحت حکومت تبدیلی حد بندی کی کارروائیوں کے آغاز کے بعد، ٹاؤن کارپوریشن یا یونین کونسل کی حدود تبدیل کرسکتی ہے، مگر متعلقہ علاقے میں مقامی حکومت کے الیکشن کے شیڈول کے اعلان ہونے کے بعد مذکورہ حدود کو تبدیل نہ کیا جاسکے گا۔

(۷) اس ایکٹ میں شامل کسی بھی امر کے باوصف، میٹروپولیٹن کارپوریشن جو اس آرڈیننس کے آغاز نفاذ سے قبل کام کررہی تھی بدستور رہے گی اور اس ایکٹ کے تحت تمام اختیارات، کارہائے منصبی اور فرائض استعمال کرے گی اور ادا کرے گی جب تک کہ حکومت، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے دفعہ ۴(۱) کی مطابقت میں ٹاؤن کارپوریشنز کی تشکیل اور مشتہر نہ کردے۔''۔

**۵۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۶ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۶ کو، حسب ذیل سے تبدیل کردیا جائے گا، یعنی:۔

**''۶۔ مقامی حکومت اور دوبارہ حد بندی:۔** (۱) ایک ٹاؤنز کارپوریشنز اور مذکورہ تعداد میں یونین کونسلیں ہوں گی جیسا کہ حکومت دفعہ ۴(۲) کے تحت مختص کرسکتی ہے۔

(۲) حکومت، وزارت داخلہ کی سفارش پر، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے، ٹاؤن کارپوریشنز کے اندر یونین کونسلوں کی تعداد زیادہ یا کم کرسکتی ہے، مگر شرط یہ ہے کہ۔

(الف) دارالحکومت اسلام آباد کے اندر یونین کونسلوں کے تعداد آبادی کے برابری اور انتظامی صلاحیت کے اصولوں سے ہم آہنگ رہے گی؛اور

(ب) مقامی حکومت کے الیکشن کے شیڈول کے اعلان کے بعد کوئی بھی ایسی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

(۳) الیکشن کمیشن پاکستان جتنی جلدی ممکن ہو سکے الیکشن ایکٹ، ۲۰۱۷ء (۳۳ بابت ۲۰۱۷ء) کے تحت یونین کو کونسلوں صراحت کردہ طریقہ کار کے مطابق اس ایکٹ کی دفعہ ۹ میں بیان کردہ اصولوں کی بنیاد پر دوبارہ حد بندی کرے گی اور مشتہر کرے گی۔''۔

۶۔ **ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ میں، ذیلی دفعات (۲) اور (۳) کو حذف کر دیا جائے گا۔

۷۔ **ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۹ کی ذیلی دفعات (۱) اور (۲) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۱) اس ایکٹ کے تابع، دارالحکومت اسلام آباد کے اندر تشکیل کردہ مقامی حکومتیں حسب ذیل ہوں گی۔۔۔

(الف) تین ٹاؤن کارپوریشنز؛اور

(ب) مذکورہ ٹاؤن کارپوریشنز کے اندر شامل یونین کونسلیں، جیسا کہ حکومت کی جانب سے مشتہر کیا گیا ہو۔

(۲) حکومت، اعلان کے ذریعے، دارالحکومت اسلام آباد میں کسی بھی علاقے کو ٹاؤن کارپوریشن قرار دے سکے گی۔''۔

۸۔ **ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۱۰ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''۱۰۔ **مقامی حکومتیں:۔** دارالحکومت اسلام آباد تین ٹاؤن کارپوریشنز اور یونین کونسلوں کی ایسی تعداد پر مشتمل ہوگا، جیسا کہ بالترتیب، دفعات ۱۱ اور ۱۲ میں فراہم کیا گیا ہے۔''۔

**۹۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۱۲ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۲ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"**۱۲۔ ٹاؤن کارپوریشنز کی تشکیل:۔** ایک ٹاؤن کارپوریشن حسب ذیل پر مشتمل ہوگی:

(اوّل) میئر اور دو ڈپٹی میئرز؛

(دوم) اس کے مقامی علاقے میں تمام یونین کونسلوں کے چیئرمین بطور عام اراکین؛ اور

(سوم) چار خواتین؛

(چہارم) ایک کسان/مزدور؛

(پنجم) ایک تاجر/کاروباری شخص؛

(ششم) ایک نوجوان رکن؛ اور

(ہفتم) ایک غیر مسلم۔

**۱۰۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۱۴ کا حذف:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۴ کو، حذف کر دیا جائے گا۔

**۱۱۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۱۵ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۵ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"**۱۵۔ یونین کونسلوں کے اراکین کا، انتخاب:۔** (۱) ایک یونین کونسل کے عام اراکین کا انتخاب بالغ رائے دہی کی بنیاد پر خفیہ رائے شماری کے ذریعے، ایسے طریقہ کار میں، جیسا کہ مقررہ ہو کیا جائے گا۔

(۲) ایک یونین کونسل کے عام اراکین کے انتخاب کی غرض سے، پوری یونین کونسل ایک کثیر رکنی حلقہ انتخاب ہوگی۔

(۳) ووٹر رکن اپنی پسند کے عام رکن کے امیدوار کے حق میں صرف ایک ووٹ ڈالے گا۔

(۴) نوامیدواران جو نزولی ترتیب میں ووٹوں کی سب سے زیادہ تعداد حاصل کر رہے ہوں کو، عام اراکین کے طور پر منتخب شدہ سمجھا جائے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ دو یا زائد مقابلہ کرنے والے امیدواران کے درمیان ووٹوں کے مساوی ہونے کی صورت میں، ریٹرننگ آفیسر ایسے امیدواران کی نسبت سے قرعہ اندازی کرے گا اور امیدوار جس کے نام قرعہ نکلے ووٹوں کی سب سے زیادہ تعداد حاصل کرنے والا تصور کیا جائے گا جو اسے حقدار بنا رہا ہو گا کہ منتخب شدہ قرار دیا جائے۔

(۵) کامیاب امیدواران جو ذیلی دفعہ (۴) کے تحت منتخب شدہ ہوں کامیاب امیدواران کے ناموں کے سرکاری جریدے میں شائع ہونے کے تیس دنوں کے اندر کسی سیاسی جماعت میں شامل ہو سکیں گے۔

(۶) یونین کونسل کی مخصوص نشستوں پر اراکین کا انتخاب بالواسطہ طور پر، ہاتھ کھڑے کر کے، یونین کونسل کے عام اراکین کے ذریعے سے کیا جائے گا۔

(۷) یونین کونسل کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کا انتخاب، بطور مشترکہ امیدوار، یونین کونسل کے عام اراکین اور مخصوص نشستوں پر اراکین کے ذریعے، ہاتھوں کو کھڑے کرنے کے ذریعے سے، اپنے ہی اراکین میں سے کیا جائے گا۔

(۸) چیئرمین، وائس چیئرمین اور اراکین کے کامیاب امیدواران کامیاب امیدوار کے اعلان کے تیس دنوں کے اندر کسی سیاسی جماعت میں شامل ہو سکیں گے۔"۔

**۱۲۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۱۶ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۶ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**"۱۶۔ ٹاؤن کارپوریشن کے اراکین کا انتخاب:۔** (۱) یونین کونسل کا چیئرمین متعلقہ ٹاؤن کارپوریشن کا عام رکن ہو گا۔

(۲) عام اراکین مقررہ طریقہ کار میں، موجود اراکین کی اکثریت سے، ہاتھوں کو کھڑے کرنے کے ذریعے سے، جیسا کہ دفعہ ۱۲ میں مصرحہ ہو مخصوص نشستوں پر اراکین کا انتخاب کریں گے۔

(۳) دفعہ ۱۲ میں مذکورہ ٹاؤن کارپوریشنز کے اراکین میئر اور دو ڈپٹی میئرز کا انتخاب، مشترکہ امیدواران کے طور پر، مقررہ طریقہ کار میں رائے دہی کے ذریعے موجود اراکین کی اکثریتی ووٹوں سے، ہاتھوں کو کھڑا کرنے کے ذریعے سے، کریں گے:

مگر شرط یہ ہے کہ ٹاؤن کارپوریشن کا صرف رکن ہی میئر اور ڈپٹی میئر کے انتخاب میں حصہ لینے کا اہل ہوگا''۔

**۱۳۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۲۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۹ میں۔

(الف) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ ''جس کی مدت چھ ماہ سے زائد نہ ہوگی'' کو حذف کر دیا جائے گا؛

(ب) ذیلی دفعہ (۴) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۵) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۵) جہاں مقامی حکومت فعال نہ ہو تو، حکومت منتخب مقامی حکومت کے منصب سنبھالنے تک مقامی حکومت کے اختیارات استعمال کرنے اور کارہائے منصبی انجام دینے کے لیے ایک منتظم کا تقرر کر سکے گی''۔

**۱۴۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۶۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۶۳ میں، ذیلی دفعہ (۳) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۳الف) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۳الف) ڈپٹی میئر یا وائس چیئرمین، جیسی بھی صورت ہو، عمومی طور پر ایسے اختیارات استعمال کرے گا اور ایسے کارہائے منصبی انجام دے گا جیسا کہ سربراہ کی جانب سے اسے تفویض کیے جائیں''۔

**۱۵۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۸۸ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸۸ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**''۸۸۔ عائد کیے جانے والے محصولات:۔** (۱) اس ایکٹ کے تابع، مقامی حکومت یا اس کی عدم موجودگی میں منتظم، اعلان کے ذریعے، چوتھے جدول میں مصرحہ کوئی بھی محصول، فیسیں، شرح، کرایہ، ٹول، چارج یا اضافی چارج عائد کر سکے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت ہر محصول کی تجویز کو اس کی منظوری سے قبل حکومت کی جانب سے جانچا جائے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ تجویز معقول اور قانون کی مطابقت میں ہے۔

(۳) حکومت تجویز موصول ہونے کی تاریخ سے تیس دن کے اندر محصول کی تجویز کی جانچ کرے گی جس کی ناکامی پر اسے حکومت کی جانب سے جانچ شدہ تصور کیا جائے گا۔

(۴) جہاں محصول کی تجویز منتظم کی جانب سے پیش کی گئی ہو تو ، اسے حکومت کی جانب سے جانچ کیے جانے کے بعد، قومی اسمبلی میں پندرہ دنوں کے اندر پیش کی جائے گی، قومی اسمبلی، ساٹھ دنوں کے اندر، محصول کی تجویز کو نامنظور کر سکتی ہے، اور اگر مذکورہ تجویز ساٹھ دنوں کی مذکورہ بالا مدت کے اندر نامنظور نہ ہو تو، اسے منظور شدہ تصور کیا جائے گا۔

(۵) مقامی حکومت یا اس کی عدم موجودگی میں منتظم، محصول کی تجویز کی پیشگی اشاعت اور عوامی اعتراضات کی طلبی اور عوامی اعتراضات کی شنوائی کے بغیر کوئی محصول عائد نہیں کیا جائے گا۔

(۶) مقامی حکومت یا اس کی عدم موجودگی میں منتظم ، ذیلی دفعہ (۱) کے احکام کے تابع ، کسی بھی محصول میں اضافہ، کمی، معطل، ختم یا استثناء، دے سکے گا''۔

**۱۶۔ ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۹۳ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۹۳ میں، ذیلی دفعہ (۱) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۱) حکومت مقامی حکومت یا منتظم کو، جیسی بھی صورت ہو، ہدایات جاری کر سکے گی۔ حکومت کی ہدایات مقامی حکومت اور منتظم پر واجب التعمیل ہوں گی''۔

# بیان اغراض ووجوہ

علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ میں "اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۶" کے ذریعے مجوزہ ترامیم کرنے کے مختصر حقائق یہ ہیں کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ کا نفاذ ۲۰۱۵ء میں اس مقصد سے کیا گیا تھا کہ ایک منتخب مقامی حکومت کا نظام قائم کیا جائے، جس کے ذریعے سیاسی، انتظامی اور مالی ذمہ داریوں اور اختیارات کو مقامی حکومتوں کے منتخب نمائندوں کو منتقل کیا جاسکے تاکہ مقامی سطح پر عوام کی ادارہ جاتی شمولیت کے ذریعے بہتر طرز حکمرانی، خدمات کی مؤثر فراہمی اور شفاف فیصلہ سازی کو فروغ دیا جاسکے۔

۲۔ مقامی حکومتوں کے منتخب نمائندوں کو مزید سیاسی، انتظامی اور مالی ذمہ داریوں اور اختیارات کی منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ میں مناسب ترامیم کی جائیں تاکہ اس قانون کے اثرات اور فوائد کو نچلی سطح تک پہنچایا جاسکے۔

۳۔ اس بل کے مقصد کے لیے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ ۲۰۱۵ کی دفعات ۲، ۴، ۶، ۷، ۹، ۱۰، ۱۲، ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۲۹، ۳۴، ۶۳، ۸۸ اور ۹۳ میں ترامیم تجویز کی گئی ہیں۔ مجوزہ ترامیم کے نتیجے میں "میٹروپولیٹن کارپوریشن" کی بجائے "تین ٹاؤن کارپوریشنز" قائم کی جائیں گی۔ مزید برآں، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ ۲۰۱۵ کی دفعہ ۲۹ میں ترامیم کے تحت اگر مقامی حکومت کی مدت ختم ہو جائے تو حکومت، مقامی حکومت کے اختیارات کے استعمال اور اس کے فرائض کی انجام دہی کے لیے ایک منتظم مقرر کر سکے گی۔

(سید محسن رضا نقوی)

وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات